© rasailojaraid.com


# فضلاء دارالعلوم حقانیہ کے نام

## شعبۂ تنظیم فضلاء دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور
پاکستان

محترم المقام زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

آپ دارالعلوم حقانیہ کے قابلِ فخر فاضل ہیں اور مادرِ علمی کے ساتھ آپ کا ربط وتعلق نہایت ضروری ہے۔ بسا اوقات دینی، علمی تدریسی خدمات کے لئے لوگوں کی طلب آجاتی ہے۔ مگر اکثر فضلاء سے رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے ہم انہیں موزوں خدمت کیلئے منتخب نہیں کرسکتے اس کے علاوہ دارالعلوم عنقریب اپنی زندگی کے تیس سال پورے کر رہا ہے۔ انشاء اللہ اس وقت بحمداللہ ابنائے دارالعلوم کی علمی تدریسی تبلیغی اور معاشرتی خدمات سے ملک و بیرون ملک مسلمان مستفید ہو رہے ہیں۔ دارالعلوم میں فضلاء سے رابطہ اور علمی ودینی خدمات منظم کرنے کی خاطر شعبۂ تنظیم فضلاء حقانیہ قائم کر دیا گیا ہے۔ نیز عصر حاضر کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کے پیشِ نظر تصنیف وتالیف کے میدان میں منظم طور پر کام کرنے کیلئے موتمر المصنفین کے نام سے ایک مستقل شعبہ بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ جو علمی ودینی موضوعات پر فضلاء کی تحریری تربیت اور اکابر کی اہم تصانیف کی اشاعت کا کام کرے گا۔ اور امید ہے فضلاء اس شعبہ کی تمام مطبوعات حاصل کرکے اسے مزید خدمت کا موقعہ دیتے رہیں گے۔

**فوری طور پر** ہمارے سامنے دارالعلوم کے تیس سال کی تاریخ مرتب کرنا اور ان تیس سالوں کے بارہ میں ماہنامہ الحق کا ایک ضخیم خصوصی شمارہ شائع کرنا ہے جو دارالعلوم کی تمام ہمہ جہتی خدمات اور ابتدائے تاسیس سے اب تک کے تمام شعبوں، طلبہ، اساتذہ اور بالخصوص فضلاء کے تفصیلی احوال پہ مشتمل ہوگا۔ اور انشاءاللہ علمی دنیا کیلئے ایک تاریخی دستاویز کا کام دے گا اس طرح حلقۂ فضلاء اپنی تمام حقانی برادری سے متعارف ہوسکے گا۔ اور علمی دنیا ان کی ہمہ جہتی خدمات سے بھی باخبر ہوسکے گی۔ اس لئے علم، دین، مسلک ومشرب اور دارالعلوم کے مفاد کی خاطر حسب ذیل سوالات کا مفصل جواب واضح اور صاف قلمبند کرکے جلد از جلد ارسال فرما دیجئے تاکہ تاریخی دستاویز اور الحق کا خاص نمبر آپ کے ذکر خیر سے خالی نہ رہے۔

اس کے علاوہ اہم دینی وعلمی مسائل پر اسلام کی ترجمانی کرنے والا ماہنامہ الحق جو آپ کی

© rasailojaraid.com